زونائشہ اپنے رو م میں جاو---جازم سنجیدگی سے بولا تھا--اسکے تاثرات دیکھ زونی چپ ہوئی تھی "لے آنا پیپرز کردوگی سائن میرا حصہ بھی تمھارا ہوا ---- اور پھر سرد لہجے میں بولتے چلی گئی---جبکہ جازم نے ضبط سے آنکھیں بینچی تھیں---باقیوں کے چہرے تو کھلے ہوئے تھے جیسے وہ چاہتے تھے وہ ہوگیا-----

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

****

وہ شام سے کمرے میں بند تھی ----جازم اسی وقت ضروری کال آنے پر چلا گیا تھا ---اور رہ گئے گھر والے تو وہ سب مزے سے کھا پی کر فارغ ہوچکے

URDU NOVEL BANK

تھے---وہ جو صبح سے بھوکی تھی ۔کسی نے دھیان ہی نہیں دیا تھا--شام سے رات ہوگئ مگر اس نے گیٹ نا کھلا اور کسی نے کوشش بھی نہیں کی تھی----یہاں تک کے اسکے بھائی نے بھی نہیں---

زونی زونی دروازہ کھولو یار----وہ باہر سے آوازیں لگارہا مگر زونی میڈم ہوش میں ہوتی تو سنتی----

اف لگتا ہے پھر سو گئ---وہ کوفت سے بڑبڑاتے چابی سے دروازہ کھولنے لگا---منظر جیسی امید تھی ویسا ہی تھا۔وہ اسکے پاس جاتے جھک کے اسکا کندھا ہلانے لگا تھا کہ پلکوں کی نوک پر ٹھہرے آنسو دیکھ لب بھینچ گیا----جبکہ زونی تو اسکے ہاتھ رکھنے پر ہی اٹھ گئ تھی ---بے رخی سے ہاتھ ہٹاتے کروٹ بدل گئ----

www.urdunovelbank.com

کوئی ہم سے ناراض ہے کیا---کی گئ--

ہو بھی تو آپکو کیا فرق پڑتا----روٹھی آواز میں کہا گیا---

URDU NOVEL BANK

یار میں جانتا ہو غلط نہیں ہو تم۔ مگر میں نہیں چاہتا تھا کہ تم غصے میں ہچھ غلط بولدو۔ اور بعد میں پچھتاو ۔۔۔۔وہ بے بسی سے بولا تم کیوں اتنا سٹریس لے رہی تمھارا جازم ہے نا سب سنبھال لے بس بہت رو لیا اب ہنس بھی دو اور دیکھو تمھارے لیئے کیا لایا۔۔۔۔۔وہ اسکے آنسو صاف کرتا اسکی توجہ پیزا اور کپ کیک کی طرف دلاگیا۔۔۔

ہائے جازم قسمے میرا یہی دل چاہ رہا تھا ادھر آئے زرا۔۔۔۔ چلیں اب مجھے اپنے ہاتھوں سے کھلائیں۔۔وہ پرجوشی سے اسے قریب بلاتے اپنے لب اسکے گال پر رکھ گئ فرمائش بھی کرگئ۔۔۔جازم تو بس اسے دیکھے گیا جو اب ریلیکس سی پیزا باکس کھول رہی تھی۔۔۔۔

چلیں نا جلدی کریں وہ منہ کھولے اسکی منتظر تھی وہ جلدی سے اسکے منہ میں رکھ گیا اور کچھ دیر وہ سارا ختم کرچکی تھی۔۔۔جازم اٹھ کھڑا ہوا فریش ہوتے وہ بستر میں نیم دراز ہوتے گہری سوچ میں تھا مگر ساتھ ساتھ وہ زونی کی باتوں کا بھی جواب دے رہا تھا۔۔۔

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

جازم آپ نہیں جانتے کچھ نہیں جانتے جو میں نے دیکھا ہے سہا ہے ---جازم بات یہ نہیں کہ مجھے پیسوں کی لالچ میرے بھائی پر تو پوری دنیا قربان---بات میرے ماں باپ کی نشانی کی ہے---اگر اب گھر بیچ بھی دیا نا تو پھر میں بے گھر ہوجاو گئ ابھی وہ میری ماں کا گھر ہے ---میں بنا جھجک جاتی ہو کھاتی ہو پیتی ہو---مگر اسکے بعد پتا ہے کیا ہوگا---وارث گھر بیچ دیگا پھر نیا گھر لے وہ میری ماں کا نہیں بھائی کا گھر ہوگا--پھر میں اسے گھر بس مہمان ہونگی اور مہمان کو تو چند گھنٹے تک ہی برداشت کیا جاتا نا---پھر میں حق سے نہیں کہوگی یہ میرا گھر ہے کیونکہ میرا گھر تو وہ تھا جس میں میرے ماں باپ تھے---کوئی میری فیلنگز نہیں سمجھ رہا---وہ اتنا کہتے رو پڑی تھی جازم نے کھینچ کر خود میں بھینچ لیا---سہارا پاتے وہ اور دل کا درد ہلکا کرنے لگی---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

****

پاکستان میں کنسٹرکشن کا کام شروع ہوگیا تھا جبکہ جازم یہاں کے ساتھ ساتھ دبئ کے آفس ورک کو بھی آنلائن ہینڈل کررہا تھا ابھی بھی تھکا ہارا گھر میں آیا

URDU NOVEL BANK

تھا۔۔۔سیدھا ماں سے ملنے انکے کمرے میں گیا تھا جہاں وہ حسب معمول آرام فرما رہی تھیں۔۔۔

آگیا میرا بچہ۔۔۔آو بیٹھو تھک گئے ہوگے نا۔۔۔کیا شہد ٹپک رہا تھا زبان سے۔۔

جی امی۔۔آپ کو اس منتھ کے پیسے بھی دینے تھے سوچا پہلے یہ دے دو۔۔۔۔وہ جیب سے چیک نکالتے بولا۔۔۔ اسی وقت زونی پانی لیتے روم میں آئی تھی۔۔۔

بیٹا مجھے نا ضروری بات بھی کرنی تھی مجھے کچھ پیسے اور چاہیئے تھے۔۔میں جانتی ہو اس گھر کی پوری زمیداری تم پر ہے سچ پوچھو تو دل جلتا تمھیں سب سے کٹ کر اتنی دور دیکھتے مگر تم گھر کے سربراہ ہو اور حازق تو ابھی بچہ ہے اسپر بھی زمیداری ڈالنے کو دل نہیں چاہتا۔۔۔۔وہ اپنے مصنوعی آنسو نکالتے چادر سے صاف کرنے لگی۔۔۔

ہاں اتنا بیبہ بچہ شادی کرلی بچہ ہوگیا مگر کام کرنے کے لیئے وہ بچہ ہی رہے گا) ہائے میرا بے وقوف شوہر)۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اماں یہ سب میں آپ لوگوں کے لیئے ہی تو کرتا ہو آپ روئیں نہیں ہمارے رونے کے دن گئے---آپ بس حکم کیا کیجئے----

بس کردو کب تک پیسہ پھینک کر محبت حاصل کروگے یہ لائق نہیں تمھاری) خالص محبت کے)--

ہائے میں جانتی ہو میرا بچہ مجھے کبھی منع نہیں کرسکتا میرا تو بس چل رہا تھا وہ ہیرے کی انگھوٹی خرید ہی لو مگر بہت مہنگی تھی تو رکھ دی اتنی فضول خرچی بھی اچھی نہیں----

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

ہائے پھپھو واہ کیا ایکٹنگ ہے ابھی الماری کھول کے آپکے ہیرے کے سیٹ) دکھا دئے تو صحیح بیستی ہوجانی)----

اماں اب آپ ایک کیا دس انگھوٹیاں لیں لے کوئی مسئلہ نہیں ہوگا---وہ عاجزی سے بولا ہاتھ ہنوز ماں کے ہاتھوں کو تھامے ہوئے تھے---

ہائے بیٹا کیا کہی لاٹری لگ گئی ہے تمھاری---وہ حیران ہوتے بولیں-----

URDU NOVEL BANK

بس آپ کے بیٹے کی محنت رنگ لائی میں نے دبئ میں اپنا آفس بنالیا نیو بزنس سٹارٹ کیا تھا جو ماشاءاللہ سے ترقی کررہا اور اب ایک اور شاخ یہاں پاکستان میں کھول رہا۔۔۔اب آپ جو چاہے دل کھول کر خرچ کریں۔۔

ہائے کتنی بڑی خوش خبری سنائی ہائے جازم ....انکا تو حیرت سے منہ ہی کھل گیا تھا۔۔دنگ تو زونی بھی رہ گئ تھی۔۔۔

ہائے اللہ ایسے بھی سنتا میں تو یہی سوچ سوچ کے پریشان ہورہی تھی میرے رازق کا عقیقہ اور سالگرہ کیسے کروگی۔۔۔۔اور دیکھو تم نے ہر مسئلہ حل کردیا۔۔بیٹے ہی ترقی دیکھ کر بھی انکا دل نہیں پگھلا کہ اسے سینے سے ہی لگا لیں۔۔۔

Visit for more novels: www.urdunovelbank.com

جی جی جتنا پیسہ چاہیے لے لیں۔۔۔آپ کا پیسہ ہے چلیں میں چینج کرلو۔۔۔وہ ہلکی مسکان کے ساتھ اٹھ کھڑا ہوا۔۔زونی بھی اسکے پیچھے بھاگی تھی۔

یہ کب ہوا مجھے کیوں نہیں بتایا۔۔۔وہ خشمگیں نِگاہوں سے گھورتے بولی۔۔

URDU NOVEL BANK

یار بس سرپرائز دینا چاہتا تھا۔۔۔جو کہ نہیں دے پایا کیا تمھیں خوشی نہیں ہوئی۔۔۔۔

سب سے زیادہ مجھے خوشی ہوئی ہے کیا اب آپ پاکستان میں ہی رہے گے ۔۔۔وہ خوشی سے بولتے وہ اسکی منتظر تھی۔۔

ہاں میری جان اب سے میں یہی رہوگا تمھارے ساتھ تمھارے پاس ۔۔۔۔۔

ہائے یا اللہ تیرا شکر میں بہت خوش ہو جازم آپ اب ہمارے ساتھ رہے گے ۔۔۔مگر یہ سب ہوا کب میں جب آئی تب تو کچھ نہیں تھا۔۔۔وہ ایکسائیٹڈ سی ہوتے اینڈ میں پھر الجھ کے بولی جس پر جازم اسے سب بتاگیا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اووو تبھی کہو وہ لوگ مجھے گاڑی سے نکلنے کیوں نہیں دے رہے تھے اتنے بوکھلا کیوں رہے تھے۔۔۔۔وہ سب سمجھتی منڈی ہلا کر جازم کو انتہا کی کیوٹ لگی تھی۔۔۔۔

URDU NOVEL BANK

اچھا میڈم آپ سب سمجھ گئ تو پلیز کھانا لائیں بہت بھوک لگی۔ وہ مسکراہٹ دباتے مسکین صورت بناتے بولا۔۔زونی فورا کچن کی طرف گئ تھی۔۔۔۔

****

یار مجھے ایک کام تھا بس تم جلدی پاکستان آنے کی تیاری کرو۔۔۔۔وہ جو سوچ رہا تھا اب جلد سے جلد اس پر عمل بھی کرنا چاہتا تھا۔۔۔۔

کیوں بھئ خیریت ہے میں آگیا وہاں تو یہاں کون سنبھالے گا سب۔۔وہ تعاجب کا شکار ہوا۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

یار ایک دن کی بات ہے بس تمھیں ایک گھر خریدنا پیپر ورک کروانا بس یہ کام تم نے کرنا میرا نام نا آئے ۔۔۔۔۔

مگر تمھیں گھر کی کیا ضرورت تم نے پہلے ہی بینگلو بک کروایا ہوا ۔۔وہاں کام بھی شروع ہوگیا ہے ۔۔۔وہ الجھن آمیز لہجے میں بولا۔۔اور پھر وہ اسے سب بتاگیا وراث

URDU NOVEL BANK

کا مطالبہ زونی کی اٹیچمنٹ اس گھر سے۔۔۔۔اب وہ گھر خیریدنا چاہتا تھا جو زونی کے نام ہوتا اور وارث کا مطالبہ بھی پورا ہوجاتا۔۔۔۔۔۔

افسوس ہوا ۔۔۔ نجانے کیوں لوگ اس طرح بدل جاتے۔۔۔۔ایک تم بھائی ہو جو بے غرض اپنے لاپرواہ بھائی بہن پر لٹاتے ہو۔۔اور ایک وہ خود غرض بھائی۔۔۔۔سچ میں مجھے کبھی کبھی تم پر بھی غصہ آتا۔۔۔وہ سخت ناگوار تاثرات سے بولا۔۔۔

اچھا تو یار بس کرو نا بس جلدی پہنچو تم یہاں۔۔۔ہمیشہ کی طرح خود پر بات آتے دیکھ وہ فون کاٹ گیا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

****

گھر میں تیاریاں زوروشور سے ہورہی تھی آئے دن وہ تینوں شاپنگ پر جارہی تھیں۔۔۔ عقیقہ کے ساتھ ساتھ ازفی کی گوڈ بھرائی بھی رکھی گئ تھی۔۔۔پیسہ پانی کی طرح بہایا جارہا تھا مگر جسکا پیسا تھا اسکی بیوی کو کسی نے پوچھا تک نا

URDU NOVEL BANK

تھا۔۔۔دوسری طرف زونی دن رات جازم کو کام میں مصروف دیکھ اور انکی عیاشی دیکھ اندر ہی اندر جل رہی تھی ۔۔۔۔جازم جیسے اب گھر میں مشکل ہی ہوتا تھا جس وجہ سے وہ زونی کا ٹائم نہیں دے پاتا تھا۔۔۔ایک طرف زونی کو جازم کے آنے سے سکون مل گیا تھا گھر میں دو میڈ رکھ لی گئی تھی جو گھر کے ہر کام کرتی تھی ایسے میں کام کے جھنجٹ سے اسے نجات مل چکی تھی۔۔کل عقیقہ تھا جو بینکوئیٹ میں رکھا گیا تھا۔۔ابھی بھی وہ تینوں شاپنگ بیگز سے لدھی پندی آئیں تھی۔

زونی پانی پلادو یار قسم سے تھک گئی ہو۔۔۔یہ آواز لائبہ کی تھی

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

(کیوں نوکر ہو میں کیا تمھاری خود اٹھ کے پی لو)

اس کا بس چلا بول دے مگر چپ رہی اور ان سنا کرگئی۔۔۔

ہوں جل رہی تم سے اسکو جو اتنی اہمیت نہیں ملتی۔۔۔۔پھپھو کا وار سیدھا اسکے دل میں لگا تھا

URDU NOVEL BANK

آپ لوگوں سے کیا جلنا ابھی بولنے پر آئی نا تو سب کو بول سکتی مگر خاموش ہو)

(آئے بڑے پیسے کے پجاری

اماں چھوڑیں نا کیوں موڈ خراب کررہی ابھی ریسٹ کرتے ہیں پھر پارلر کا بھی چکر لگانا ہے۔۔۔ڈنر باہر سے ہی کریں گے۔۔۔جاتے جاتے اسکے کانوں میں ازفی کی آواز پڑی تھی جس پر بس وہ سر ہی جھٹک سکی تھی۔۔

****

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کیا ہوا منہ کیوں بنا ہوا تمھارا۔۔۔ رات گئے وہ واپس آیا تھا۔۔۔

آپ کو زرا بھی فکر ہے میری بھوکی بیٹھی ہو مگر شوہر بس دن رات کام میں مصروف ہوتا۔۔۔بیوی جائے جہنم میں وہ فل بھری بیٹھی تھی۔۔

URDU NOVEL BANK

کھانا کیوں نہیں کھایا۔۔۔اور مجھے کال کر دیتی نا۔۔۔وہ سیدھا بیڈ پر اسکے پاس آیا تھا۔۔۔

گھر میں کچھ بنا نہیں تھا اور یہاں کوئی ایسا نہیں جو میرے لیے اسپیشل بنا کر جائے طبیعت ٹھیک نہیں تھی ورنہ خود بنا لیتی اور باقی سب تو باہر کی کھا کر آچکے تھے۔۔۔وہ سخت تپی ہوئی تھی۔۔۔جازم گھر والوں کی سنگدلی پر لب بھینچ گیا۔۔۔میرے ساتھ تمھیں بھی سزا مل رہی مگر کیا کرو میں مجبور ہو۔۔۔وہ دل میں کہہ سکا تھا زبان سے کہنے کی ہمت نا تھی۔۔۔

رکو میں ابھی لاتا ہو تمھارے لیئے کیا کھانا بتاو پیزا برگر پاستا۔۔۔۔وہ اپنے آرام کی پرواہ کیے بنا ہی کھڑا ہوا۔۔

بیٹھ جائے آرڈر کرلیں اتنے تھکے ہوئے کبھی خود کا خیال بھی رکھتے ہیں۔۔۔وہ فورا سے اسے واپس بٹھاگئ۔۔۔

تم ہو نا میرے لیئے میرا خیال رکھنے کو۔۔۔وہ پیار بھری نظروں سے دیکھتا بولا۔۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ہاں بس زیادہ مسکا نا لگائیں۔۔۔میرا غصہ اتنی جلدی کم نہیں ہوگا۔۔۔اور پلیز کل چھٹی کریں شاپنگ پر جانا آپ کے گھر والوں کو تو میرا خیال بھی نہیں آیا۔۔۔۔وہ منہ بسورتے بولی پھر یاد آنے پر فرمائش بھئ کر گئ۔۔۔

یار مشکل ہے مگر ٹھیک ہے ریڈئ رہنا بس اور میرے گھر والوں کو چھوڑو تمھارا شوہر ہے نا وہ کروائے گا تمھیں شاپنگ۔۔۔۔وہ موبائل پر آڈر کرنے کے ساتھ ساتھ اسے جواب بھی دے رہا تھا اب جازم تھا اور زونی کی باتیں۔۔۔اور اسے سنا جازم پر جیسے فرض تھا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

****

پورا بینکوئیٹ کچھا کچھ مہمانوں سے بھرا ہوا تھا۔۔ رقیہ بیگم بنارسی ساڑھی میں پیسوں کی نمائش کرتے ہر جگا اٹھلاتی پھر رہی تھی۔۔۔۔امیری کا غرور سر چڑھ کر بول رہا تھا۔۔۔کسی آنکھ میں ستائش تھی تو کسی کی آنکھ میں حسرت تو کوئی

URDU NOVEL BANK

حسد سے دیکھ رہا تھا۔۔۔لائبہ بھی سلک کی ساڑھی سونے کا بھاری سیٹ رشتے داروں کے سامنے پہنے خوب اترارہی تھی ۔۔۔سب مہمان آچکے تھے بس جازم کا انتظار تھا۔۔۔وہ بھی صرف زونی کو باقیوں کو تو جیسے پرواہ تک نا تھی۔۔۔دوسری طرف جازم کام میں مصروف تھا بہت کوشش کے باوجود بھی وہ جلد نہ پہنچ سکا تھا۔۔۔کیک کٹ گیا ازفی کی رسم ہوگئ۔۔۔تب بھی اسکا کوئی پتا نہ تھا۔۔ وہ کب سے کال ملا رہی تھی مگر اسکا نمبر بزی جارہا تھا۔۔۔آج وہ بڑا دل لگا کر اسکے لیئے تیار ہوئی تھی مگر تقریب ختم ہوتے اور جازم کی غیر موجودگی اسکا سارا موڈ خراب کرچکی تھی۔۔۔ فوٹو سیشن کے وقت حازق اور ازفی پورے کپل کے ساتھ کھڑے تھے بیچ میں رقیہ بیگم کھڑی مکمل ہیپی فیملی کا منظر پیش کررہی تھیں ۔۔۔مگر کسی نے بھی زونی کو بلانا گوارا نا کیا۔۔۔وہ اندر ہی اندر تڑپ سی گئ تھی کتنی کی ترس بھری اور تمسخر اڑاتی نظریں اسکی طرف اٹھی تھیں جنہیں محسوس کیے وہ اندر ہی اندر کڑھا گئ تھی۔۔۔مگر کہتی کسکو کوئی ہمدرد نا تھا۔۔۔واش روم میں جا کر اس

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

نے اپنے بے اختیار اندہ آنے والے آنسوؤں کو بڑی محارت سے ٹشو پیپر مینجذب کیا۔ تا کہ نا میک اپ خراب ہونا کسی کو پتا لگے کہ وہ روئی ہے۔

جب اُس نے اپنے جذبات پر قابو پالیا تو باہر آتے ہی جازم کا نمبر ملایا۔۔

چوتھی بیل پر فون اٹھایا گیا تھا۔

ہاں بولو۔۔۔

آپ کہاں ہیں ؟

آفس میں ۔کیوں جازم

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

کیا کرتے آفس میں یار۔۔۔ "

"کاام کرتے ہیں مگر اس وقت آپکو میرے ساتھ ہونا چاہیئے تھا نا بتائیں

یار اب نہیں آسکتا اینڈ وقت پر کام آگیا مجھے رکنا پڑا پلیز کمپرومائز کرلو۔۔۔۔وہ بے چارگی سے بولا۔

URDU NOVEL BANK

جازم آپ نس پیسا کمانے کی مشین بن گئے جو اب بس ایک ہی کام کرتے رہتے۔۔۔۔۔

اچھا مذاق ہے۔۔

جازی میں سنجیدہ ہوں ۔۔

وہ جب اس کو اس نام سے پکارتی تھی۔۔ دل میں اترتی تھی۔

میری جان اب آپکا ہوگیا ہو تو میں کچھ کہو نات دراصل یہ ہے کہ میرا کام ان فنکشنز سے زیادہ امپورٹنٹ سو گھر پر او پھر بات کرتے۔۔۔۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اُس کا جواب سننے سے پہلے ہی وہ کال بند کر چکا تھا۔

وہ بڑ بڑائی۔

"بہت اچھے مسٹر بہت۔ اچھے ۔

URDU NOVEL BANK

اس کا دل ایک دم بجھا ہوا تھا۔ کسی سے بات کرنے کا من نہیں تھا۔ مگر پھر بھی وہ اپنے چہرے پر مصنوعی

مسکراہٹ سجا کر سارا وقت وہ رقیہ بیگم کے آس پاس رہی۔۔ جن کو ہر دو منٹ بعد کوئی نہ کوئی کام یاد آجاتا جس کے لیئے بس زونی ہی یاد آتی۔۔۔اور وہ اپنے اندر چھپے درد کا گلا گھونٹنے کے لیے چہرے پر جھوٹی مسکان سجائے گھومتی رہی۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

****

ارے امی قسم سے بس اسکی حالت دیکھ کے ہنسی آرہی تھی اور جازم بھائی کی گھر میں ویلیو کا تو آج ہمیں اندازہ ہوگیا سمجھ لو بس ہمارے گھر میں پیسہ کمانے والی مشین۔۔۔۔

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

وہ گھر میں کب سے آگئے تھے مگر زونی جازم کو فل اگنور کررہی تھی۔۔۔گھر آکر پھپھو نے بھی وہی مصنوعی فکر و محبت جتائی اور چلی گئیں۔۔۔ابھی بھی وہ کچن کی طرف جارہی تھی تب لائبہ کی آواز سنتے وہ وہی رک گئ جو ہنس ہنس کے اپنی ماں کو آج کا احوال سنارہی تھی۔۔۔۔ مگر جس انداز میں وہ جازم کا مزاق اڑارہی تھی زونی کے لیئے برداشت کرنا مشکل تھا۔۔۔

شرم نہیں آتی تمھیں کتنے بڑے تم سے جازم تھوڑا تو احترام ہوتا ہے نا۔۔۔ارے یہ تو چھوڑو میرے شوہر کا کھاکر اسی کے پیٹھ پیچھے ہسی اڑاتی ہو۔۔۔ہے کیا تم لوگوں کے پاس جازم دن رات محنت کرتے تم تمھارا شوہر مزے سے عیاشیاں کرتے ہو ارے تم لوگ ہو ہی پیسوں کے پجاری۔۔۔۔تمھارے شوہر کو دوب کے مرجانا چاہیے کہ وہ اپنی بیوی بچے کو بھائی کی کمائی کھلاتا۔۔۔۔۔شادی کرلی بچہ ہوگیا بسسس کمانا نہیں اسکو اور ضرورت ہی کیا ہے انکا بیوقوف بھائی جو ہے۔۔جو کمائے گا اور یہ بیٹھ کے کھائے گے۔۔۔وہ جو کب سے بھری ہوئی تھی آج ساری بھڑاس نکال گئ۔۔۔اسکی آواز سن کر سب ہی آگئے تھے۔۔

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

۔جازم اور پھپھو نے سب دیکھا اور سنا تھا لائبہ کی باتیں اور زونی کے جواب۔۔

بس کریں بھابھی بہت بول لیا آپ نے ۔۔۔حازق کی آواز پر وہ جیسے ہی پیچھے مڑی جازم اور رقیہ بیگم کو دیکھتے شروع ہوگئ۔۔۔۔

امی ۔۔۔بھائی دیکھ رہے ہیں آپ بھابھی کو کیسے بول رہی اور حازق آپ آپ کو کتنی بار کہا میں نے کرلیں کوئی جاب نہیں آپ کو تو بڑا مان تھا نہ بھائی پر دیکھ لیں اب۔۔۔۔بس اتنی بے عزتی کے بعد ایک پل نہیں رکو گی میں جارہی ہو بس ۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ٹسوے بہاتی وہ جانے لگی تھی کہ حازق ہاتھ پکڑتے روک گیا۔۔۔۔

تم کہی نہیں جاوگی ۔۔۔بھابھی آپکو معافی مانگنی پڑے گی۔۔۔زونی جو لب بھینچے کھڑی غصے سے کانپ رہی تھی اسکے کہنے پر جازم کو دیکھنے لگی جو بس سٹل کھڑا ایک موہم سی امید کے تحت کہ شاید اسکی ماں لائبہ ہو غلط قرار دیں ۔۔۔۔۔مگر اسکی شکوہ کن نظروں کو دیکھتے وہ بلآخر بول پڑا۔۔۔

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

زونی معافی نہیں مانگے گی حازق کیونکہ جتنی غلطی لائبہ کی ہے اتنی غلطی زونی کی ہے۔۔۔تو بات کو یہی ختم کرو۔۔۔۔

ارے کیوں بات کو یہی ختم کریں زونی کو معافی مانگنی ہوگی۔۔۔اتنی باتیں سنادی ایک طرح سے بے عزتی کی ہے اس نے ۔۔بلآخر پھپھو نے اپنی چپ توڑی مگر ساتھ میں وہ جازم کی آخری امید بھی توڑ گئیں۔۔

نہیں امی میں یہاں نہیں رہوگی بسس ۔۔۔۔وہ کمرے میں گھستی رازق کو اٹھائے بنا کپڑوں اور بیگ کے کسی بھی سنے بغیر چلی گئ تھی۔۔۔۔حازق بھئ اسکے پیچھے گیا تھا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

سن لو میری بات کان کھول کے اگر لائبہ اس گھر میں نہیں آئی تو تم بھی نہیں رہوگی۔۔۔۔ سمجھ آگئ۔۔۔اسکے جاتے ہی وہ زونئ کو سخت نظروں سے دیکھتے وارننگ دے گئ۔۔۔۔زونی نے ساختہ لڑکھڑائی تھی کہ جازم نے اسے تھام لیا۔۔۔۔

****

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اب بس بھی کرو رونا زونی جو ہونا تھا ہوگیا۔۔۔زونی کب سے رو رو کر اپنی حالت بری کرچکی تھی ابھی بھی اسکی سانسیں اکھڑنے لگی تو وہ ٹوک گیا۔۔

جازم آپ نے وقوف ہیں میں نہیں۔۔میرا دل چاہتا میں سب کو کھری کھری سناو۔۔۔آپ نہیں سمجھیں گے کوئی آپ سے پیار نہیں کرتا سب بس منہ پر میٹھے ہیں۔۔۔آپ کے پیٹھ پیچھے یہ لوگ میرے ساتھ نوکرانی والا سلوک کرتے اور میں بس اسی ڈر سے چپ ہوجاتی کہ کہی آپ اتنی دور گھریلو چپقلش سنتے سٹریس نا لے لیں طبیعت نا خراب ہوجائے۔۔۔مجھے پھپھو مارتی حازق جھڑک دیتا بات بات پر سارا دن کام میں لگی رہتی۔۔۔مگر کوئی میرا ساتھ دینے والا نا تھا۔میں نے خود پر برداشت کیا مگر آپکے لیئے مجھے نہیں ہوا برداشت۔۔۔پھپھو آپکے جانے کے بعد مجھے گھر سے بھی نکال چکی میں چپ کرتے سہتی رہی اور اب پھر مجھے سزا سنائی جارہی۔۔۔میری غلطی کیا ہے۔۔۔وہ نجانے کس رو میں بہہ کر اج سارے

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

انکشاف کرگئ جازم تو بس گھر والوں کے دوغلے پن کو سنتا ساکت تھا مگر پھر خیال آیا۔۔۔جب اپنے بیٹے کے ساتھ کرسکتیں تو بھتیجی کیا چیز۔۔۔۔

تمھاری غلطی یہی ہے تم جازم کی بیوی ہو۔۔وہی جازم جو اپنی ماں کا انچاہا ہے۔۔۔تمھیں پتا ہے میں یہ لاپرواہی بچپن سے سہتا آرہا ہو۔۔۔کیونکہ میری ماں کو میرا وجود پسند نا تھا۔۔۔یہ سب میں نے پانچ سال کی عمر میں محسوس کیا تھا۔۔جب اماں حازق کے جھوٹ پر بات بات میں جھڑک دیتی۔۔۔حازق کو پیار کرتی حازق کو کہتی یہ میرا بیٹا ہے اور مجھے کہتی تم اپنے باپ کی اولاد ہو۔۔۔میرا قصور مجھے گیارہ سال کی عمر میں پتا چلا جب اماں بابا سے چیخ چیخ کے کہہ رہی تھیں۔۔۔کہ تمھاری غلطی تھی میں اتنی جلدی بچہ چاہتی ہی نا تھی۔۔اصل میں اماں کی شادی کے پہلے مہینے ہی میرےآنے کی خوشخبری ملی تھی مگر اماں کو ابھی شادی کو بھرپور طریقے سے انجوائے کرنا تھا۔۔مگر بابا کی ضد پر ان دونوں کے درمیان زبردست قسم کا جھگڑا ہوا۔۔اور جب وہ مجھے ختم کرنے کی بات کرنے لگی تو بابا نے ان پر ہاتھ اٹھالیا۔۔۔بس یہی وجہ ہے وہ یہی کہتی کہ تمھاری وجہ

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

سے تمھارے باپ نے مجھے مارا۔۔۔بابا اسکے بعد بہت شرمندہ ہوئے ۔۔مگر اماں کے دل سے میرے لیئے نفرت نا نکال سکے یہ سب مجھے بابا کی ڈائری سے پتا لگا۔۔۔۔پھر بابا کے جانے۔ کے بعد میں اکیلا ہوگیا۔۔۔۔پیار دینے والے جو چلے گئے۔۔۔اور پھر میں کمانے لگا۔۔۔اس سے یہ فائدہ ہوا کہ جو بھائی بہن ماں مجھ سے لئے دیئے رہتے تھے اب مجھ سے جھوٹ ہی سہی پیار کرنے لگے حالانکہ جانتا ہو یہ سب پیسوں کی چمک سے میرے قریب ہیں تبھی تو بس کماتا رہتا ہو جتنے پیسے ہونے اتنی محبت ملنی۔۔۔۔۔جانتا ہو ایک طرح سے محبت کیش کرتا ہو مگر مجبور ہو ۔۔اسی پیسوں کی بدولت میری ماں مجھ سے پیار سے بات کرتیں۔۔اگر میں نے پیسہ دنیا بند کردیا تو یہ لوگ بھول جائیں گے کوئی جازم بھی ہے۔۔۔۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ رورہا تھا۔

وہ سارے آنسو جو بچپن سے لیکر اندر ہی جمع تھے، آج زونی کا سہارا ملتے ہی بہہ نکلے۔۔ محرومیاں، پچھتاوے۔۔ حسرتیں۔۔ سب سے زیادہ رقیہ بیگم کی لاپرواہی ۔۔۔

URDU NOVEL BANK

زونی تو تڑپ سی گئ تھی ۔۔ اتنے مضبوط انسان کو ٹوٹتے دیکھنا آسان کب تھا۔۔۔۔

اُس نے بے اختیار جازم کو اپنے گھیرے میں لیا۔۔اور اسکے سر سے خود کے سر کو جوڑ کر اپنے لب اُس کے بالوں پر رکھے ۔۔ اور اُس کے ساتھ خود بھی رونے لگی۔۔

خیر اب کوئی غم نہیں اللہ نے تمھیں میرے لیئے بھیج کر مجھے خوشیوں سے نواز دیا۔۔۔۔وہ دھیمی آواز میں ہلکی مسکراہٹ سے بڑبڑاتے نیند کی وادیوں میں چلا گیا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میرا وعدہ ہے جازم میں اپکے سبھی دکھوں کو سمیٹ لوگی۔۔۔۔۔وہ بھی دل ہی دل میں پختا ارادہ کرگئ ۔۔۔۔

URDU NOVEL BANK

دوسرے دن ہی لائبہ کی ماں آگئ جو شور کیا بس ----رقیہ بیگم بھی چپ سی سن رہی تھی----سب ہی گھر کے جمع ہوگئے تھے ازفی بھی آگئ تھی--اب بڑھ چڑھ کر لائبہ کا ساتھ دے رہی تھی------جازم اس وقت گھر میں نہیں تھا---

آپ اپنی بہو کو کہئے میری میری بیٹی سے معافی مانگیں----کل رات ست رو رو کر خود کو ہلکان کیا ہوا--سسرال میں اج تک سکھ سے رہی مگر صحیح کہتے جیٹھانیاں آتے ہی جینا حرام کردیتی---

دیکھیں بہن لائبہ سے معافی مانگے گی یہ غلطی کی ہے تو معافی بی مانگنی ہوگی-----

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

(مجھے لگتا ہے آپ میری نہیں لائبہ کی پھپھو ہیں)

پھوپھو میری غلطی نہیں غلطی لائبہ----

میں نے کہا نا معافی مانگو لائبہ سے ----وہ سخت تیوروں سے بات کاٹ کر بولی--- لائبہ کی تمسخر اڑاتی نظریں اندر تک چیڑ گئ تھی --

URDU NOVEL BANK

میں نہیں مانگو گی چاہے کچھ بھی ہو۔۔۔وہ بھی چیخ کر بولی تھی۔۔۔

توبہ توبہ دیکھ لیا آج آپکی بڑی بہو کتنی بدتمیز ہے۔۔۔۔لائبہ کی ماں کانوں کو ہاتھ لگاتے بولیں۔۔۔

اور آپ کی بیٹی کے بارے میں کیا خیال ہے کچھ فرمائیں گی۔۔۔۔وہ بھی سب بھول تھے حساب پر آگئی۔۔۔

لڑکی مجھے چپ رہنے دو اچھا ہے۔۔۔وہ گھورتے بولیں۔۔۔رقیہ بیگم جلدی سے اٹھ کے اسکی حالت کی پرواہ کیئے بنا جھٹکا دے گئی مگر اسکی چیخ پر وہ سب ہی گھبرا گئے تھے جو اچانک سے جھٹکا لگنے پر بیلنس برقرار نا رکھ سکی اور ڈائریکٹ صوفے پر گری تھی جھٹکا بہت زور کا آیا تھا۔۔۔۔

جازم آہ امی ۔۔۔۔بہت درد اللہ ۔۔۔امیییی۔۔وہ چیخ رہی تھی درد سے سب کے سب گھبرا گئے تھے۔۔جازم کو فورا بلایا تھا۔۔۔ڈاکٹر چیک اپ کرکے تسلی دے گئی تھی کہ جھٹکا لگنے سے درد ہوا تھا۔۔۔جازم کو غصہ بہت آیا تھا مگر ماں کا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

خیال رکھتے برداشت کرگیا۔۔۔باقی سب بھی سیدھے ہوگئے تھے کچھ دن کے لیئے ہی صحیح مگر معاملہ رفع دفع کردیا گیا۔۔۔۔۔

****

مجھے تم سے بہت ضروری بات کرنی ہے تم نے اپنی بیوی کے طعنے تو سن لئے ہونگے۔۔۔کیسے میرے بچے کو باتیں سنائی بھائی کی کمائی کا طعنہ دیا گیا۔۔۔اور بے چارا کس بل بوتے پر اکڑتا۔۔۔۔۔رقیہ بیگم سنجیدگی سے بولی۔۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ہنہ بولتا بہت ہے اسے کسی بل بوتے کی ضرورت نہیں بس آپکو بہانا چاہیئے)۔۔۔۔۔

جی کہیے میں سن رہا ہو۔۔۔۔۔۔

وہ صوفے پر ٹانگ پر ٹانگ جمائے بیٹھا تھا۔۔ پورے اعتماد سے بولا۔۔

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

میں چاہتی ہوں-- تم یہ گھر حازق کے نام کردو اور اپنی پاکستان والی برانچ بھی "
-- تمہارے پاس تو دبئ والی برانچ بھی ہے--- گھر تم بنالوگے-----

کمرے میں خاموشی چھا گئی وہ ماں کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے بولا--

یہ گھر میرا نہیں -چونکہ یہ گھر میرا نہیں ہے-- یہ آپ کے نام ہے--آپ کی "
ملکیت ہے تو آپ جس کے چاہے نام کریں - اور جہاں تک رہی کمپنی کی بات
تو------ وہ ایک پل کو سانس لینے کو رکا ---اور زونی کی سانسیں اٹکا گیا----

بے وقوف آدمی اب کمپنی نام مت کردینا تمھاری محنت ہے وہ ماں کی محبت)

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

(مین اندھے مت بنو----

تو یہ کمپنی میں اپنے آنے والے بچے کے نام کروگا-- تاکہ میرے بعد انکا فیوچر
سیکیور رہے-----اور پھر اسکے جملے کو سن زونی نے سکون کی سانس
بھری----

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

وہ بچہ۔ ابھی آیا بھی کیا ہوجائے جو تم حازق کے نام کرد۔۔۔وہ سخت چتونوں سے گھورتے بولیں۔۔۔

امان حازق کو کاروبار سٹارٹ کرنے کے لیئے جتنے پیسے چاہیئے مجھ سے لے میں ہر طرح سے ہیلپ کروگا مگر اسکی امید نا رکھیں۔۔۔۔وہ تحمل سے بات مکمل کرتا اتھ کھڑا ہوا جبکہ لائبہ تو گھر اپنے نام ہونے پر ہی مسرور تھی۔۔۔۔

یہ لو پیپرز ڈیل فائنل ہوئی۔۔بس اب نکلو گا۔۔۔۔ابھی ایک بج رہا تین کی فلائیٹ۔۔۔وہ عجلت میں پیپرز اسکے حوالے کرتا بولا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

چل یار بہت بہت شکریہ اب تو بس وہاں کی کمپنی سنبھال میں بہت جلد وہاں کا چکر لگاؤں گا بس ذرا زونی کی طبیعت سنبھل جائے وہ اس سے مصافحہ کرتا بولا

اج واثق نے گھر کی ڈیل وارث کے ساتھ فائنل کر لی تھی کل پرسوں تک انہیں گھر خالی کردینا تھا اور پھر پورا گھر زونی کے نام ہوجاتا۔۔۔۔۔

URDU NOVEL BANK

کوئی مسئلہ نہیں یار میں وہاں سب سنبھال رہا بس اس وقت سب سے زیادہ بھابھی کو تمھاری ضرورت خیال رکھنا ٹھیک ہے چلتا ہو۔۔۔۔ وہ دھیمی مسکان سے کہتے ہیں اس کا کندھا تھپتھپاتے چلا گیا۔۔

زونی یہ کیا کررہی ہو سنتی کیوں نہیں ہو منع بھی کیا تھا گھر سے باہر مت نکلنا ۔۔۔۔ وہ اس کی حرکت سے عاجز اتے بولا جو اس کے منع کرنے کے باوجود بھی گھر کے قریب پارک میں واک کرنے میں مصروف تھی۔۔

جازم ڈاکٹر نے کہا یار واک کرنی تھوڑی تھوڑی۔۔۔۔۔وہ سنبھل کے چلتے بینچ پر بیٹھتے بولی۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

یار تم میرے انے کا انتظار کر لیتی مگر خدانخواستہ یہاں کچھ ہو جاتا تو کون دیکھتا۔۔۔۔۔وہ پریشانی سے بولا۔۔۔

جازم میں بھی تھوڑا کھلی ہوا میں سانس لینا چاہتی ہوں آپ نہ جانے کیوں اتنے پوزیسو ہو رہے ہیں ہر وقت بس یہی کہتے رہتے ہیں زونی یہ مت کرو زونی وہ مت

URDU NOVEL BANK

کرو میں گھر میں بند پڑے بور ہو گئی ہوں اور آپ کو بھی فرصت نہیں کہ مجھے تھوڑا سا وقت دے دیں۔۔۔۔ وہ منہ بسورتے ناراضگی سے بولی اس کے انداز کو دیکھ وہ بے ساختہ امڈنے والی مسکراہٹ کا گلا گھونٹ گیا۔۔۔۔

اچھا نا میری جان آج سے سارا وقت تمھارا بس اب ایسے پوری پانڈہ لگ رہئ ہو۔۔۔۔وہ اسکے دونوں گال کھینچتے دائیں بائیں گھماتے بولا۔۔۔۔

کیا کہا پانڈہ جاز ممممم۔وہ پانڈہ سنتے خشمگیں نِگاہوں سے گھورتے بولی جس پر جازم قہقہہ لگاتے ہنسا تھا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

یار ڈراو تو نہیں مزاق کررہا ہو میری پانڈہ۔۔۔وہ ایک پھر شرارت سے ہنس دیا جس زونی کی ہنسی بھی شامل تھی۔۔۔۔

آج تمھارا موڈ برا فریش لگتا ہے میری بیٹی نے تمھیں اج تنگ نہیں کیا۔۔۔وہ بینچ پر بیٹھتے ایک ہاتھ سے زونی کو حصار میں لیے دوسرا ہاتھ اسکے پیٹ پر رکھتے بولا۔۔۔

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ہائے قسمیں آج تھورا سکون ہے ورنہ جو کھاتی ہو میڈم کو پسند نہیں آتا اگل دیتی۔۔۔۔وہ سر اسکے کندھے پر گراتی بولی۔۔وہ لوگ پارک کی اس سائڈ بیٹھے تھے جہاں کوئی نہیں تھا۔اسکا ہاتھ ہنوز اسکے پیٹ پر ہی تھا جسے وہ وقفے وقفے سے سہلا رہا تھا۔۔۔۔

ہاں بہت موڈی ہے تمھاری طرح۔۔۔وہ اسکی ناک دباتے بولا

ناکریں جازم ۔۔۔وہ چڑ کر بولی اسے جازم کی اس حرکت سے بڑی چڑ تھی۔۔

ویسے ہوسکتا ہے بیٹا بھی ہو آپ خواہ مخواہ بیٹی بیٹی کرتے رہتے۔۔۔۔منہ بگاڑتے بولی۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

یقین ہے بیٹی ہوگی اگر بیٹا ہوگیا تو بھی کوئی مسئلہ نہیں ہیں تو دونوں ہی میری اولاد۔۔۔وہ اسے خود میں بھینچے گال پر لب رکھتا بولا۔۔

****

URDU NOVEL BANK

صبح سب ڈائننگ ٹیبل پر موجود خاموشی سے کھانا کھا رہے تھے گھر میں اپ دو میڈ کا انتظام کر لیا گیا تھا ایک میڈ کچن سنبھالتی اور ساتھ میں کھانا بھی بناتی جبکہ دوسری میٹ دوپہر میں اتی اور گھر کی صفائی کر کے چلی جاتی سب کا ناشتہ میڈ ہی بناتی سوائے جازم اور زونی کے زونی کو میڈ کے ہاتھ کا ناشتہ پسند نہ تھا اسی لیے صبح صبح جازم اٹھ کر اس کا اور اپنا ناشتہ تیار کرتا تھا ۔۔۔۔ جازم کا روز کا معمول تھا جب سے وہ اس کنڈیشن سے گزر رہی تھی وہ خود کے ساتھ ساتھ اسے بھی اپنے ہاتھوں سے کھلاتا رہتا تھا۔۔ ابھی بھی حسب معمول وہ اسے ناشتہ کروا رہا تھا جب رقیہ بیگم اسے مخاطب کرتے بولیں

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جام بینکویٹ کی پیمنٹ میں نے اپنے پاس سے دی تھی تو تم میرے اکاؤنٹ میں پیسے ٹرانسفر کروا دینا اور یہ کوئی زیورات کے بل ہیں یہ بھی ادا کر دینا۔۔۔۔۔ وہ مصروف سی کھاتے ہوئے بولیں

(ہنہ ایسے تو بیٹے سے نفرت ااور پیسہ بھی اسی کا چاہیئے)

URDU NOVEL BANK

جی ٹھیک ہے امی۔۔۔وہ بنا کوئی سوال کیئے سر ہلا گیا۔۔۔زونی کا دل یکدم اچاٹ ہوا تھا۔۔۔۔

بھائی مجھے پچاس ہزار دے دیں کچھ شاپنگ کرنی ہے بی کی ۔۔۔وارث نے تو ابھی دو دن ہی ہوئے بزنس شروع کیا ہے نجانے کب تک سیٹ ہو۔۔۔۔ ازفی بھی پچھلے دو دن سے یہیں اچکی تھی کیونکہ گھر سیل ہو چکا تھا گھر میں کوئی نہیں جانتا تھا کہ وہ گھر جازم نے خریدا ہے جب تک ازفی کا گھر بن نہیں جاتا وہ یہیں رہنے کا ارادہ رکھتی تھی

اچھا بیٹا مین مینیجر کو کہتا ہو تمھارے اکاؤنٹ میں ٹرانسفر کردے۔۔۔۔وہ نیپکن سے ہاتھ صاف کرتے بولا اسی وقت کال بھی ملا گیا۔۔۔اس تمام عرصے میں زونی اپنی کرسی سے اٹھ کے کمرے میں جاچکی تھی۔۔۔۔

دیکھ رہے ہو اپنی بیوی کو کیسے تیور دکھا رہی۔۔۔اب ہم بھی کھٹکنے لگے ہیں۔۔۔۔پھپھو کی زبان کہا رہنی تھی۔۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

اماں ایسی کوئی۔۔۔۔۔

ارے بھائی اپ تو بلکل بیوی کت غلام بن گئے ۔۔۔او۔ربھا بھی بھی خوب آپکی شے پر اچھل رہی۔۔۔ازفی بدتمیزی سے جازم کی بات کاٹے تڑک کے بولی۔۔۔

ازفی تمیز سے۔۔۔وہ گھورتے بولا۔۔۔

کیوں بھائی کیوں تمیز سے انکے تیور بھی دیکھیں نا دو دن سے ہمیں دیکھتے ہی آنکھیں چڑھاکر نکل جاتی۔۔۔ارے میں بتاتی ہو وہ نا صرف اور صرف پیسوں کی وجہ سے ہی آپکے ساتھ ہیں کہاں دیکھا نہیں تھا اب ایک ساتھ اتنا مل گیا تو تیور۔۔۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ازفی بکواس بند کرو ۔۔۔تمھاری طبیعت کا خیال رکھ رہا ورنہ ایک تھپڑ لگا دیتا بڑے چھوٹے ہی تمیز بھول گئ ہو۔۔۔وک حلق کے بل ڈھاڑا کہ ازفی کے ساتھ رقیہ بیگم بھی ایک پل کو سہم گئ۔۔۔وہ جلدی سے اگے بڑھی تھیں پہلی بار اسے اتنا شدید غصے میں دیکھا تھا۔۔۔۔

URDU NOVEL BANK

ازفی پاگل مت بنو بڑا بھائی ہے تمھارا معافی مانگو ۔۔۔۔وہ آنکھیں دکھاتے اسے معافی مانگنے کے اشارے کرنے لگی۔۔

میری کوئی غلطی نہیں میں نہیں مانگ رہی۔۔ہٹ دھرمی سے کہتے وہ چلی گئ جبکہ وہ ضبط سے مٹھیاں بھینچ گیا۔۔۔

بیٹا چھوٹی ہے درگزر کردو میں سمجھاوگی۔۔۔ تم دل برا نا کرنا۔۔۔

میرا تو اس عمر میں بھی بی پی ہائی کرد یتے ہائے اللہ۔۔۔وہ مصنوعی آنسو نکالتے سر پکڑ کے بیٹھ گئیں۔۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

اماں آپ ٹینشن نا لیں نہیں کہتا کچھ ۔۔۔۔بس آپ خود کی طبیعت با بگاڑیں۔۔۔وہ ان کو پانی دیتا تسلی دے گیا۔۔۔جبکہ اپنے روم کے باہر کھڑی زونی نے سارا ڈرامہ دیکھا تھا۔۔۔ان منافق لوگوں سے دل یکدم اچاٹ ہوا وہ کمرے میں دبارہ چلی گئ

۔۔

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

****

زونی کہا ہو تم --وہ سخت غصے میں تھا زونی نے محسوس کرتے ہی دل ہی دل میں ورد شروع کردیا---

وہ جازی میں نا نور کے ساتھ ہو---

منع کیا تھا سنتی کیوں نہیں یار مجھے پاگل کردینا تم سب مل کے---وہ سخت طیش میں برسا تھا--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جازم میں بس کچھ شاپنگ کرنے گئ تھی اکیلی نہیں نور ساتھ تھی--وہ ممنائی----

میں کچھ نہیں جانتا بس تم نت ہمیشہ اپنی کرنی ہوتی میں بتارہا ہو--تمہیں دیکھو کام کو دیکھو ۓ گھر کو سب نے مل کے مجھے پاگل کردیا---اپر سے تم بچی بن گئ ہو---بے وقوف عورت--جلدی گھر پہنچو----ایک تو کام کا سٹریس پھر امی کی

URDU NOVEL BANK

باتیں اور اب زونی کی فکر ہھر اسکا لاپرواہ انداز وہ غصے سے جو منہ میں آئے بولتا چلا گیا۔۔۔اور پھر کچھ سنے بغیر کال کاٹ گیا۔۔۔اسکا دل درد سے بھر گیا جازم سے سخت خفا ہوتی وہ پھر پورا ایک گھنٹہ شاپنگ کرتی رہی تھی۔۔۔۔ابھی بھئ وہ لوگ برگر انجوائے کررہے تھے جب لائبہ کے اسٹیٹس پر نظر پڑی مگر وہاں مبارک باد بھرا میسج لکھا ہوا تھا جس میں ازفی کو بیٹے کی مبارکباد دی جارہی تھی۔۔۔۔

نور میرے بھائی کے گھر بیٹا ہوا۔۔۔اورمجھے کسی نے بتایاتک نہیں۔۔۔وہ نم آنکھوں سے حیرت اور بے یقینی کی کیفیت سے بولی۔۔۔

دیکھ رہی چلو سب کو چھوڑو میرے بھائی تک نے مجھے کال نہیں کی ۔۔۔یہ اہمیت ہے میری آج اماں زندہ ہوتیں کتنا خوش ہوتیں۔۔۔وہ نم آواز میں بڑبڑائی۔۔۔

یار زونی دل چھوٹا نا کر۔۔۔میں تیرا دکھ سمجھ سکتی ہو اس دکھ سے میں گزر چکی ہو۔۔چل میرے ساتھ اسے مبارکباد دینا اور پھر گھر چلنا طبیعت بھی ٹھیک نہیں۔۔۔۔وہ اسکے آنسو صاف کرتے ہاتھ پکڑ کے لے گئ۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

****

واہ یہاں تو سب ہی جمع ہیں بلکہ میرے شوہر بھی یہی موجود ہیں مگر کسی کو میرا خیال نہیں آیا۔۔۔یہاں تک کے میرے بھائی کو بھی نہیں ۔۔۔۔وہ ایک ساتھ سب کو لپیٹے میں لے گئ۔۔ہسپتال پہنچی تو سب ہی جمع تھے جازم کو بھی ابھی بلایا گیا وہ بھی ہسپتال کی فیس جمع کروانے کے لیے مگر زونی کو غلط فہمی ہوگئ تھی۔۔۔وہ سب کو نظر انداز کرتی سیکھا بے بی کی جانب گئ اسے گوڈ میں لیکر نم آنکھوں سے دیکھتی رہی پھر والہانہ انداز میں پیار کرنے لگی۔۔۔ہاتھ میں موجود ماں کی نشانی انگھوٹی نکالی بے بی کو دوبارہ کارٹ میں ڈالا۔اور ازفی کی جانب بڑھ گئ سب خاموشی سے اسکی کاروائی دیکھ رہے تھے۔۔۔ازفئ کی طرف گئ تو اسنے منہ موڑ لیا۔۔اسکی یہ حرکت جازم کے ساتھ وارث کو بھی ناگوار گزری تھی۔۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

مبارک ہو بہت یہ میری ماں کی آخری نشانی ہے تمھیں دے رہی ---تم بے ہمارے خاندان کا وارث پیدا کیا اس انگھوٹی پر اب تمھارا حق---وہ اسکا ہاتھ پکڑتے اس میں انگھوٹی پہنا گئ---

مبارک کو بہت باپ بن گئے---سنجیدگی سے کسی بھی قسم کے جزبات سے عاری جملہ کہا گیا--

آپی میں بس بتانے والا تھا میں سمجھا پھپھو نے آپکو اطلاع دے دی ------

بس اب کچھ نہیں ہوسکتا چھوٹے ہمیشہ غلطیاں کرتے بڑوں کو ہی ظرف بڑا رکھنا پڑتا---بس ایک التجا ہے اماں کی بڑی خوشی تھی کہ تمھارے بیٹے کا نام حارث رکھا جائے---اپنے بچے کا یہ نام رکھو گے زیادہ خوشی ہوگی آگے تمھاری مرضی -----وہ اسکا ہاتھ پکڑتے گال تھپتھپائے بولے مضبوط قدموں سے جیسے آئی تھی ویسے ہی چلی گئ --

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

نور جلدی سے مل کے آو میں ویٹ کررہی۔۔۔۔وہ نور کو گم صم کھڑا دیکھ بولی جس پر وہ ہڑبڑاتے آگے بڑھی تھی۔۔۔

جازم دیکھ رہے ہو اپنی بیوی کو بڑے کھڑے ہوئے ہیں نہ سلام نہ دعا بس اپنے کری اور منہ چڑھا کر چلتی بنی...پھپھو کو تو جیسے موقع ملا تھا اپنی غلطی پر پردہ بھی تو ڈالنا تھا۔۔۔۔۔ اس کے جاتے ہی نور کی موجودگی میں ہی شروع ہو گئی

آنٹی غلطی اپ لوگوں کی ہے ورنہ زونی کو میں بہت پہلے سے جانتی ہوں وہ اس طریقے کا برتاؤ کبھی نہیں کرتی مگر اس بار اس کا دل بہت بری طرح ٹوٹا ہے جس وجہ سے وہ اس طرح کا ریئیکشن دے رہی۔۔۔۔۔ نور بھی ٹکا سا جواب دے گی جس پر وہ تلملا گئ تھیں۔۔۔۔

جازم بھائی میں چلتی ہو اور پلیز زونئ کو دیکھ لیجیے گا۔۔وہ نظریں جھکائے احترام سے بولی جس پر پریشان کھڑے جازم نے محض سر ہی ہلایا تھا۔۔۔۔ وارث الگ شرمندہ سہ تھا مگر ازفی جانتی تھی شرمندگی چند دن کی ہی ہے۔۔۔ تبھی ریلیکس تھی۔۔۔

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

وہ سارا دن تڑپی تھی جازم چاہ کے بھی نہیں آسکا تھا اسکے پیچھے نور کب کی جاچکی تھی۔۔۔جازم سے تو وہ ویسے بھی ناراض تھی۔۔۔یہ بات جازم نے محسوس کرلی تھی۔۔۔گھر والے سب ہسپتال میں ہی تھے۔۔۔رات تک سب نے آجانا تھا۔۔۔یہ دن اسکا آخری دن تھا غم کا وہ سوچ چکی تھی اب بھائی کی بے حسی پر کبھی نہیں رونا۔۔۔۔ایک طرح وہ اپنا فرض پورا کر آئی تھی۔۔۔اب اسے کسی کی ضرورت نا تھا سوائے جازم کے۔۔۔رات ہوتے ہی سب کے سب آگئے۔۔۔اب پھپھو زونی کا آوازیں دے رہی تھیں۔۔۔۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

جی پھپھو۔۔۔۔

کھانا کیوں نہیں بنایا چلو آج میڈ کو چھٹی دے دی تھی مگر تم زرا خیال رکھ لیتی۔۔۔۔۔

(چلو جی آتے ہی تفتیش شروع۔۔۔)

URDU NOVEL BANK

وہ بیزاری سجائے سوچ ہی سکی---

ارے بھئ پھوٹو بھی کہا ہے کھانا----وہ سخت تیوروں سے بولیں----

کھانا بنانا میری زمیداری نہیں میں نے نہیں بنایا----وہ کیا بے نیازی تھی--

تو ہم کیا کریں گے----وہ ضبط کھوتی چلائیں بھوک ویسے ہی برداشت نا تھی ان سے---

یہ آپ لوگوں کا مسئلہ میں نہیں جانتی---بول کے چلتی بنی باقی تینوں تو دنگ ہی رہ گئے تھے---

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میری شکل کیا دیکھ رہے کرو آڈر----اب غصیہ کہیں تو نکالنا تھا---وہ حازق پر برسی تھیں----

******

آج کا دن کافی تھکا دینے والا تھا-----وہ بس جلد سے جلد بستر پر دراز ہوتے آرام کرنا چاہتا تھا--مگر شام میں اپنا رویہ اور زونی کی ناراضگی سوچتے وہ فلاور شاپ

URDU NOVEL BANK

کے قریب گاڑی روک گیا۔۔۔وہاں سے فلاور لیتے وہ آئسکریم پارلر گیا وہاں سے اسکی فیورٹ آئسکریم پیک کروائی اور گھر روانہ ہوگیا گھر پہنچتے ہی پہلا سامنا لائبہ سے ہوا۔۔۔جازم کے ہاتھ میں سامان دیکھ فورا سے اسے حسد نے گھیرا تھا مصنوعی سا مسکاتے چلی گئ۔۔۔۔ جازم نے پہلے کچن میں جاتے آئسکریم فریج میں رکھی اور فلاورز لیتے روم کی طرف چل دیا۔۔۔۔۔اور توقع کے برابر ہی ریئیکشن آیا تھا۔۔وہ منہ پھولائے مزے سے موبائل میں ڈرامہ دیکھنے میں مصروف اسے اگنور کرگئ۔۔۔ جیسے وہ وہاں تھا ہی نہیں۔۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

زونی میری جان ۔۔۔۔

(ہنہ پتا نہیں کب یہ بندا آدھی رات سے پہلے گھر آنے کی عادت ڈالے گا)

یہاں کوئی جان نہیں۔۔۔۔منہ ہنوز پھولا ہوا ہئ تھا

او تو میری بیوی تو ہوگی۔۔۔او کے شیپ میں ہونٹ بناتے مصنوعی افسوس کیا۔۔

غلط جگہ آگئے ہیں آپکی بیوی بھی یہاں نہیں۔۔۔منہ چھڑاتے کہا گیا۔۔۔

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ہے میری بیوی یہی ہے----

نہیں یہاں بے وقوف عورت ہے جو بچی بنی رہتی---اب اسے کیا لینا دینا--اسکا زخم پھر سے تازہ ہوگیا آنسو پلکوں کی بار توڑے باہر آنے کو بیتاب تھے ----

زونی یار-----تم جانتی ہونا مجھے نیند نہیں آتی ہے--

وہ اس کی ناراضگی کی جانب اشارہ کر رہا تھا۔ وہ سمجھ کر جواب دیتے ہوئے بولی۔

تو میں کیا کرو-----

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

(بولنے سے پہلے سوچنا تھا)

تمہیں نیند آجائے گی--

یہ آپکا مسئلہ نہیں-------وہ اسی طرح سپاٹ لہجے میں بولی۔

کتنے دن ناراض رہنا ہے؟

URDU NOVEL BANK

کوئی جواب نہیں ہنوز خاموشی۔۔۔۔۔

اگر ناراض ہی رہنا ہے تو ٹھیک ہے یہ فلاور جو تمھارے لئے لایا تھا پھینک دیتا"
ہو۔۔اور آئسکریم بھی۔۔۔۔اب کے وہ غصے سے بولا

"مرضی۔۔ "

یار زونی میں تھکا ہوا ہو پلیز میرا مزید ضبط مت آزماو ۔

تو میں کیا کروں ۔ تھکے ہوئے تو سوجاو۔۔۔

تمھیں پتا ہے تمھاری ناراضگی خا سوچتے رات بھر بت چین رہوگا اور پھر نیند نہ"
"ہوئی تو آفس میں سر درد رہے گا

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

میرا کیا لینا دینا۔۔

ٹھیک ہے جب تم مان ہی نہیں رہی تو میں جو لایا ہو پھینک ہی دیتا ہو۔۔۔۔وہ
اب کے کھڑا ہوگیا

URDU NOVEL BANK

مرضی پھینک دے۔۔۔بے نیازی سے کہا گیا۔۔

تو یہ تمہارا آخری فیصلہ ہے؟

"ہاں ۔۔"

تم جانتی ہونا میں غصہ میں کچھ بھی بول دیتا مجھے بس تمھاری فکر تھی۔۔۔یار" اپر سے امی کی کال پر کال پھر کالز پر تمھاری شکایتں بسس اسی سب میں میں تم سے روڈ ہوگیا۔ میں تمھارے لیئے حد سے زیادہ پوزیسوو ہورہا جانتا ہو مگر کیا کرو دل کے ہاتھوں مجبور ہو ۔۔اب بس کرونا ۔۔۔اگر میں کہوں کہ میں کچھ زیادہ بول گیا تھا۔ معاف کر دو ۔۔تو۔۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ٹھیک ہے مگر آئندہ ایسا مت کیجئے کا دل ٹوٹ جاتا۔۔۔وہ نروٹھے انداز میں اسکے ہاتھ سے پھول لیتے بولی۔۔۔۔

URDU NOVEL BANK

شکر خدا کا بس اب جلدی سے میرے لیئے جوس لے کر آو پھر سونگا۔۔۔وہ لمبی انگڑائی لیتے بیڈ سے اترتے فریش ہونے چل دیا۔۔۔زونی بھی مسکراتے کچن کی طرف بڑھی تھی۔۔۔

****

ازفی تمھیں آپی کے ساتھ اس طرح نہیں کرنا چاہیئے یار۔۔۔وہ حارث کا کارٹ میں ڈالتے بولا۔۔۔

میں نے کیا کیا بھئ۔۔۔تمھاری آپی کے تیور نہیں مل رہے تھے۔۔۔وہ خود اس پر بگڑ گئ۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

وہ جائز پر تمھیں تم نے کہا آپی کو پتا ہے فون کر کے بتادیا۔۔۔مجھے فون نہیں کرنے دیا کہ وہ آرہی ہیں یہاں اور جب یہاں آتی تو پتا چلتا مجھ سے جھوٹ بولا گیا۔۔۔پہلی بار وہ بہن کو لیکر اس پر برسا تھا۔۔۔ورنہ ہمیشہ ازفی اسے گھما دیتی

URDU NOVEL BANK

تھی۔۔۔اب کہ ازفی بھی سٹپٹائی تھی آخر غلطی تو تھی اب چھپانا بھی تھا۔۔۔اور پھر ہمیشہ کی طرح وہ آج پھر کامیاب ہوئی تھی

آہ وارث آہ ۔۔میرا سر۔۔۔۔وہ سر پکڑتے کراہتی آواز میں آوازیں دینے لگی ۔۔

ازفی کیا کیا ہوا ڈاکٹر۔۔۔پلیز دیکھیں جلدی ازفی آنکھیں کھولو۔۔۔وہ گھبرا کر گال تھپتھپا رہا تھا تو کبھی سر ہلا رہا تھا۔۔۔۔۔

ازلفہ نور آنکھیں کھولو۔۔۔۔۔یہ ڈاکٹر کی آواز تھی۔۔جو وارث کو باہر بھیج چکی تھیں۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ازلفہ نور میں جانتی ہو آپ ہوش میں ہیں اپنے شوہر کو بے وقوف بنا سکتیں مجھے نہیں۔۔۔نجانے کیا وجہ ہوگی مگر پلیز سدھر جائیں۔۔۔۔ڈاکٹر سنجیدگی سے اسکی ستھری کر کے چلی گئی پیچھے وک منہ بنا کر رہ گئ تھی۔۔۔۔

ڈاکٹر کیا ہوا اچانک ۔۔۔ان کے آتے ہی وارث نے پریشانی سے پوچھا۔۔۔۔

URDU NOVEL BANK

آپ کی وائف سے پوچھئے گا۔۔۔ان کے سنجیدگی کہنے ہر الجھ سا گیا تھا پھر جلدی سے روم میں گیا تھا۔۔۔۔جبکہ ڈاکٹر سر نفی میں ہلاتے اپنے آفس میں گئ تھیں۔۔۔ نجانے کیوں یہ لڑکیاں شوہر ہی محبت کا ناجائز فائدہ اٹھاتی ہیں۔۔۔وہ بڑبڑائی تھیں۔۔۔۔

****

کچھ پوگی اورنج جوس لاو۔۔۔۔پریشان آواز جازم کی تھی جسکے حواس قابو میں نا رہے تھے زونی کو صبح سے وومیٹنگ ہورہی تھی جو کھاتی اگل دیتی۔۔۔۔جس وجہ سے وہ نڈھال ہوگی تھی معدے اور سر میں بھی درد اٹھ رہا تھا۔۔ڈاکٹر نے سب عام سی بات کہا تھا مگر جازم کی جان آدھی ہوچکی تھی۔۔۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

نہیں جازم مجھ سے پیا نہیں جائے گا ویسے ہی جو کھایا نکل جاتا۔۔۔۔نقاہت سے بولی۔۔

URDU NOVEL BANK

اچھا اچھا یہاں لیٹو جب آرام ہوجائے پھر کھانا۔۔۔سہارے سے بیڈ پر لاتے اسے لٹاتے کفرٹر اڑاگیا۔۔۔

یہاں لیٹو بس جوس پی لو صبح سے کچھ کھایا نہیں۔۔۔وہ جلدی سے کچن میں گیا پانچ منٹ بعد آیا تو ہاتھ میں جوس کا گلاس تھا۔۔۔ ساتھ میں ٹیبلٹ بھی جسے زونی لیتے غنودگی میں جانے لگی تب تک جازم اسکے سرہانے بیٹھا آہستہ آہستہ اس کا سر دبانے لگا۔۔۔اسکے ٹھنڈے لمس سے اس نے نم آنکھوں سمیت سکون محسوسات کیا تھا۔۔۔

امی کیا ہوا جو آپ نہیں دیکھیں جازم آپ کی کمی محسوس نہیں ہونے دیتے۔۔۔
یہ آخری سوچ تھی جو غنودگی جاتے اسکے زہن میں آئی تھی ۔۔۔۔۔۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

****

دن پھر گزرتے رہے کچھ دن ازفی کے پیچھے نکل گئے اللہ اللہ کرکے وہ خیر خیریت سے آگئ تو سب کی وہی روٹین ۔۔۔وارث نے اپنا سیٹ اپ کرلیا تھا۔۔۔۔ان

URDU NOVEL BANK

کا نیا گھر رقیہ بیگم کے گھر سے نزدیک تھا۔۔۔جازم اس عرصے میں دبئ کا چکر لگا کر آچکا تھا۔۔۔دوبارہ سے ایک اہم میٹنگ کے لیئے جازم کو ارجنٹ بلایا گیا تھا ۔۔۔۔۔وہ زونی کی طبیعت کی وجہ سے جلد از جلد جانے کی جلدی میں تھا۔۔۔دوسری طرف وہی گھر والوں کا رویہ تھا غیر منصفانہ۔۔۔مگر اب زونی بھی برداشت نا کرتی تھی ۔۔۔ جازم کچھ دیر میں پہنچ جانا تھا ۔۔۔ابھی بھی وہ کچن میں جازم کے لیئے کچھ بنانے کا سوچتے داخل ہوئی کہ حازق اسے راستے میں روک گیا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

حازق ہٹ جاو جلدی ٹائم نہیں۔۔۔وہ راستے میں کھڑا دیکھ کوفت سے اسے اپنے ہاتھوں سے سائیڈ پر کرتے بولی مگر وہ دھیٹ بنا تن کے کھڑا رہا۔۔۔۔اور کمینگی سے بولا۔۔۔

URDU NOVEL BANK

نہیں ہٹ رہا میں بلکہ ایک فریاد لے کر آیا ہو۔۔۔وہ دائیں آنکھ دباتا کمینگی سے بولا جس پر زونی بھنویں اچکا کر غور سے دیکھنے لگی دوسری طرف گیٹ سے گھر میں داخل ہوتا جازم بھی تعاجب کا شکار ہوتے وہی رک گیا۔۔۔

بولو۔۔۔بے نیازی سے دیکھتے وہ اسکے بولنے کی منتظر تھی جو اب دونوں ہاتھ پشت پر باندھے بولنے کے لیئے تمہید باندھ رہا تھا۔۔۔۔

میں چاہتا ہو جو کمپنی جازم بھائی اپنے بچے کے نام کررہے وہ میرے نام تم کرواو۔۔۔ہمارے سے زیادہ وہ تمھاری سنتے تم بولوگی تو ضرور مان جائے گے۔۔ کان کی لو کھجاتے وہ جب بولا تو زونی ہکابکا ہی کھڑی رہ گئ۔۔۔جبکہ جازم اپنے گھر والوں کو خود سے زیادہ پیسوں سے محبت کرتا دیکھ وہ ایک بار پھر ٹوٹا تھا۔۔۔۔اپنی آنکھوں میں نمی محسوس کرتا وہ جلدی سے صاف کرگیا۔۔۔اور زونی کی طرف متوجہ ہوا جو کہہ رہی تھی۔۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

تمھارا جو حق تھا وہ تمھیں دے دیا اب جو ہے سب جازم کی کمائی کا ہے محنت کی کمائی بنا بنایا کیوں تمھیں پیش کریں۔۔۔وہ طنزیہ نظروں بڑا کاری وار کرتے بولی۔۔۔۔۔۔

آپ سے جتنا کہا اتنا کریں زیادہ زبان نہ چلائیں ورنہ۔۔۔۔وہ ایک قدم آگے بڑھتا ۔۔۔اتنے خطرناک طریقے سے بولا کہ ایک پل کو زونی بھی اندر ہی اندر ڈر گئ۔۔۔۔۔۔

ورنہ کیا کروگے ہاں بتاو۔۔۔۔۔وہ بنا ڈرے تن کے بولی۔۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

ورنہ جس وجہ سے مجھے کمپنی دینے سے انکار کیا جارہا اسے ہی ختم کردو تو۔۔۔وہ اتنی سفاکی سے بولتے جازم کو اشتعال میں لا چکا تھا۔۔۔زونی تو پھٹی آنکھوں سے اس سفاک شخص کے جملوں پر غور کررہی تھی۔۔۔۔۔ہوش تو تب آیا جب جازم نے آتے ہی حازق کا گریبان پکڑا تھا۔۔۔۔

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

کیا بکواس کی تو نے ---ہاں جسے بچپن سے چھوٹا بھائی کہتے سینے سے لگایا آج وہ میری بیوی کو میرے ہی بچے کو ختم کرنے کی دھمکئ دے رہا اتنی نفرت-----وہ اسے جھنجھوڑتے تکلیف زدہ لہجے میں بول رہا تھا----

ہاں ہے مجھے نفرت آپ سے آپ کئ اس بیوی سے-----مجھے بس پیسوں سے پیار ہے ---آپ نے بچپن سے ہمیں خود کا محتاج رکھا ---پائی پائی کے لیئے آپ کے آگے ہاتھ پھیلانے پڑتے----مجھے اب گھر کے ساتھ بزنس بھی چاہیے یہ گھر تو میری ماں کا تھا جع مجھے ملا آپ جو اتنے بڑے مالک بنے بیٹھے ہیں اس میں میرے باپ کی بھی زمین کی رقم لگی تھی یا تو مجھے وہ رقم دیں میں بزنس سٹارٹ کرو یا ایک کمپنی میرے نام کریں--ورنہ میری بات کو دھمکی مت سمجھنا----وہ اسکے دونوں ہاتھ جھٹکے غرایا تو ایک پل کو جازم بھی لڑکھڑا گیا----

Visit for More Novels: www.urdunovelbank.com

حازق تم میں انسانیت باقی ہے بھی کہ نہیں تم آج باپ کی زمین کی رقم مانگ رہے سالوں سے اسی شخص کی کمائی سے عیاشیاں کرتے رہے ہو وہ-----وہ نم آواز میں لرزتی ٹانگوں سے خود پر قابو پاتے بولی----

URDU NOVEL BANK

آپ چپ رہیں آپ کو تو بیٹھتے بٹھائے اتنا امیر شوہر جو ملا لار تو ٹپکے گی۔۔۔جس نے کبھی اتنا پیسہ نا دیکھا ایک دم سے اتنا پیسہ ملا تو جازم سے محبت ہوگئ۔۔۔۔وہ محبت کہاں گئ جو شادی سے۔ پہلے آپ دانی سے کرتی تھیں یا بھائی کے پیسے اے اپنے عاشق کو بھی عیاشیاں کرواتی ظاہر ہے بھائی تو دبئ ہوتے انکے پیچھے آپ کیا کرتی ان۔۔۔۔۔وہ بے غیرتی کی انتہا میں اتنا اگے نکل چکا تھا۔۔کہ اسکے الفاظ حلق میں ہی اٹک گئے اور اسکے بعد ایک زور دار تھپڑ کی گونج گھر میں گھونجی تھی ۔۔اور اس پر ہی بس نہیں کی گئ ایک کے بعد ایک لگاتار وہ وار کرتا گیا اسپر اتنا غصہ سوار تھا وہ بھول گیا کہ حازق اسکا چھوٹا بھائی ہے۔۔۔زونی کی تو ٹانگیں کانپ رہی تھی اتنا غصے میں اسنے آج تک جازم کو نہیں دیکھا تھا۔اس کے ہاتھ بُری طرح سے کانپ رہے تھے۔ لائبہ نے جیسے چیخے سنتے ہی اپنے کمرے دروازہ کھولا۔۔ اگلے پل چیختی ہوئی باہر کو آئی ۔۔ امئ امی جازم بھائی حازق کو مار رہے ہیں ۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

"ہائے اللہ، کیوں مار رہا ہے میرے بچے کو -- اس معصوم نے کیا کر دیا ہے وہ کمرے سے برق رفتاری سے نکلتے دونوں کو الگ کرتی بولیں--

زونی کا سارا وجود کانپ رہا تھا-- اس مین اتنی ہمت نہیں تھی کہ جازم کو روک پاتی مرے قدموں سے ان کے پیچھے پیچھے وہ جازم کے پاس آئی تھی جو پھولی سانسوں سے ابھی بھی اسے غور رہا تھا---- حازق کو دیکھ کر رونگٹے کھڑے ہو گئے -- جو ماں کے کندھے سے لگا کراہ رہا تھا

"ہائے اللہ ، دیکھو کیا حال کردیا دیا ہے-- کوئی ایسے کرتا---وہ جازم کو نفرت سے کہتیں پھر زونئ کی جانب مڑیں--

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

"یہاں کھڑی منہ کیا دیکھ رہی تھی مزے لے رہی تھی ضرور تم نے ہی کچھ کیا ہوگا دیکھو--کیسے بے دردی سے اس کو مار را ہے۔

URDU NOVEL BANK

اس نے مرے مرے قدموں سے آگے بڑھتے جازم کو بازو سے پکڑ کے پیچھے کو کھینچنا ۔ جس اس نے بڑے آرام سے ایک طرف دھکیل کر حازق کو ماں کی گرفت سے آزاد کرتے گریبان سے پکڑ کر کھڑا کرتے ہوئے بولا ۔۔

میرے گھر کے میں اتنا غلیظ انسان رہتا آرہا ہے۔ اور مجھے خبر ہی نہیں ہے۔۔ " میں تجھے چھوٹا بھائی سمجھ کر تیرے لاڈ اُٹھاتا رہا اور میرا چھوٹا بھائی میری بیوی کے اپر گھٹیا الزام لگارہا ۔۔۔۔۔شرم آرہی مجھے ۔۔۔۔دانیال اسے پسند کرتا تھا مگر یہ نہیں اس نے وہی کیا جو مامی کی مرضی تھی۔۔اور تم اسی شخص کا نام لیکر مجھے بدظن کرنا چاہ رہے۔۔۔۔مگر بھول رہے مجھے اپنی بیوی پر تم سب سے زیادہ بھروسہ۔۔۔۔۔۔ابھی وہ اسے ایک اور تھپڑ مارتا کہ یکدم پھپھو بیچ میں آئی تھی۔۔

Vist for more novels:
www.urdunovelbank.com

دور ہٹو۔۔۔پاگل ہوگئے ہو بیوی کے لیے بھائی سے لڑ رہے ہو۔۔۔

امی اسے بولے میرے گھر سے نکل جائے۔۔۔میں اب اپنے گھر ایک منٹ بھی برداشت نہیں کروگا۔۔۔حازق بدتمیزی سے بولا تھا۔۔۔۔زقیہ بیگم نے کینہ توڑ نظروں سے زونی کو دیکھا تھا۔۔

URDU NOVEL BANK

دیکھ لیا کروا دی بھائی بھائی میں لڑائی۔۔۔۔مل گیا سکون۔۔۔اور تم بہت بیوی بیوی کرتے نا اب رہو بیوی کے ساتھ مجھے اب اس گھر میں ایک پل بھی تم دکھائی نہیں دینے چاہیئے ہو۔۔۔وہ پہلے زونی کو کہتے جازم کی طرف مڑ کے نفرت سے بولیں۔۔۔۔

امی آپ اب بھی حازق کی طرف داری کررہی ۔۔۔۔اس نے پتا ہے کیا کیا۔۔

وہ بے یقینی کی کیفیت سے ماں کو تک رہا تھا۔۔۔جب یہ سب برداشت نہ کرتے زونی کا سر چکرایا تھا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

زونی وہ بھاگ کے اسے تھاما تھا۔۔۔

تم ٹھیک ہو؟جازم نے اپنے سینے سے لگی نڈھال حالت میں کھڑی اس کی پیٹھ" سہلاکر فکرمندی سے پوچھنے لگا

ہاں میں ٹھیک ہوں۔۔۔زونی نے زور سے اُس کی شرٹ کو دبوچا ہوا تھا اُس کا" سر ابھی تک چکرا رہا تھا

URDU NOVEL BANK

چلو تم روم میں چلو میں ڈاکٹر کو کال کرتا ہو۔ جازم اُس کو اپنے حصار میں لیتا" کمرے میں داخل ہوکر بیڈ پر اس کو بیٹھانے لگا

جازم یہاں نہیں مجھے باہر لے جائے۔۔۔۔میں پھپھو کو سمجھاوگی۔۔۔ہم کہاں" جائے گے۔۔۔۔۔وہ غلط کرہی نم آواز لرزتی پلکیں۔۔۔وہ سہمی ہوئی لگ رہئ تھی۔۔۔ جازم کا دل دکھ سے بھر گیا۔۔۔۔

کیوں ٹینشن لے رہئ ہو تمھارا شوہر بہت امیر ہے ۔۔۔رہنے کی فکر نہ کرو۔۔۔۔وہ بولا تو لہجہ ٹوٹے کانچ کی چبھن لیے ہوئے تھا۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

گھر والوں کی سفاکی دیکھنے لائق تھی۔۔۔جب وہ گھر سے نکلے تب بھی کوئی ان کے پیچھے نا آیا تھا۔۔۔۔ایک تلخ مسکراہٹ نے جازم کے لبوں کا بسیرا کیا۔۔۔سو وہ آج تک ماں کے دل کو نرم نہیں کرپایا تھا۔۔۔۔

وہ اسے لیئے اسکے پرانے گھر آیا تھا زونی تو حیرانی سے گھر کو دیکھ رہئ تھی۔۔۔۔

جازم۔۔۔یہ یہ ۔۔۔۔وہ حیرت و بے یقینی سے بول ہی نا پائی۔۔

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ہاں میں نے خرید لیا تھا تمہاری اس اٹیچمنٹ کو دیکھتے۔۔۔میں سرپرائز دینا چاہتا تھا۔۔مگر یہاں تو میں خود سرپرائز ہوگیا۔۔۔وہ خود پر طنزیہ ہنسا تھا۔۔۔زونی تو اسکی حالت دیکھتے ہی تڑپ رہئ تھئ۔۔۔وہ کیا خوشی کا اظہار کرتی۔۔۔۔

جازم سب ٹھیک ہوجائے گا۔۔۔آپ اداس نا ہو آپ کو اس طرح دیکھ مجھے بھئ سکون نہیں مل رہا۔۔۔۔ وہ اسکے چہرے کو ہاتھوں میں بھرتے بھرائی آواز میں بولی۔۔۔

میں ٹھیک ہو تم بس میری فکر نا کرو اپنا دھیان رکھو۔۔۔اس حالت میں تمھیں کیا کیا سہنا پڑ رہا۔۔۔۔مگر یہ کچھ دن ہم یہاں رہیں گے ہمارا نیا گھر تیار ہوجائے تو وہاں شفت ہوجائے گے۔۔۔وہ خود پر قابو پاتے اسے حصار میں لیئے بولا۔۔۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

آپ کے ساتھ چاہے جھونپڑی میں بھی رہنا پڑے تو رہ لوگی۔۔بس آپ ہنستے رہا کریں ۔۔۔اپنی ساری ٹینشن مجھے دے دیں ۔۔۔۔وہ مسکرا کر کہتے اسکا ہاتھ تھامے گھر میں داخل ہوگئ تھی۔۔۔۔سامان رکھتے اسنے اور جازم نے دو گھنٹوں میں پورا گھر چمکا دیا۔۔۔۔زونی کو جازم نے مشکل سے ہی کسی کام کو کرنے دیا ہو۔۔۔۔

URDU NOVEL BANK

ابھی بھی وہ کھانا آڈر کرتے روم میں آیا تھا کہ زونی کو کام کرتا دیکھ فورا چیخ کر بولا ہاتھ میں موجود سامان ڈریسنگ ٹیبل پر رکھ دیا۔۔۔

"یہ کیا کر رہی ہو تم؟

اس کی آواز پر بیڈ شیٹ ٹھیک کرتی زونی نے کوفت سے اسے دیکھا۔

"کیا ہوا؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

جازم فوراً اسکے پاس آیا اور اسے کندھوں سے تھام کر بیڈ پر بیٹھا دیا۔

"ڈاکٹر نے منع کیا ہے ناں کام کرنے سے تو کیوں کرتی ہو؟"

Vist For More Novels : www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

جازم کا غصہ دیکھ کر زونی نے گہرا سانس لیا۔۔۔وہ جو کب سے اسے کام کرنے کو منع کررہا تھا اب غصے سے بولا۔۔۔۔۔وہ ۔ہر وقت اسکے پیچھے پڑا رہا تھا یہ مت کرو وہ مت کرو۔۔۔مجھے بتاو میں کرلوگا۔۔۔۔۔۔۔

"بیڈ شیٹ ٹھیک کرنا کوئی کام نہیں جازم کیا ہو گیا ہے؟"

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

زونی کی بات پر اسنے غصے سے اسے دیکھا اور اسکے پیر بیڈ پر رکھ کر اسکے پاس بیٹھ گیا۔

"اب میری اجازت کے بغیر یہاں سے اترو گی نہیں تم۔۔۔۔"

URDU NOVEL BANK

زونی نے اکتا کر اسے دیکھا۔

جازم آپ چاہتے کیا ہیں مجھے کچھ کرنے نہیں دیتے میں کرو تو کیا کرو۔۔"

اس نے محبت سے اسکا چہرہ ہاتھوں میں تھام لیا۔

بس مجھے دیکھو اور مجھ سے پیار کرو اور کسی سے نہیں۔۔۔۔"مسکرا کر کہتے وہ"

اس کے ہاتھ میں جوس کا گلاس تھماگیا۔۔۔۔

visit for more novels:
www.urdunovelbank.com

****

URDU NOVEL BANK

اگلے دن ہی ازفی خبر ملتے ہی فورا نازل ہوئی ۔۔۔۔لائبہ حازق کے پاس بیڈ پر بیٹھے ہوئی تھی جبکہ رقیہ بیگم رازق کے ساتھ صوفے پر براجمان تھی جبکہ ازفی کل کا حال احوال سنتے ابھی تک بے یقین تھی۔۔۔۔

اماں آپ کو اس طرح نہیں کرنا چاہیئے تھا ۔۔۔ٹھیک ہے انہوں نے غلط کیا مگر غلطی ۔۔۔۔۔شکر اس کے اندر تھوڑی انسانیت باقی تھی۔۔۔مگر یہ کب تک تھی اللہ جانے۔۔۔۔۔اسکی بات سنتے ہی رقیہ بیگم فورا ٹوک کر بولیں۔۔۔

اے میرے معصوم بچے کا منہ سجا دیا کوئی مارتا ہے بھائی کو ایسے۔۔بس ویسے بھی میرا گھر تھوڑی یہ گھر تو حازق کا ہے اب وہ کس کو رکھے یہ اسکا معاملہ۔۔۔رقیہ بیگم جب بولیں تو صاف ظاہر تھا وہ اس معاملے میں جان چھڑوا رہی انکو جیسے کوئی فرق پڑا ہی نا تھا۔۔۔۔مگر ازفی تو گھر کا سنتے ہی لال پیلی ہوئی تھی۔۔۔۔

اماں تم نے اس نکمے کے نام کردیا پورا گھر چلو جازم بھائی کو تو تم کچھ سمجھتی ہی نہیں مگر میرا حصہ۔۔۔

visit for more novels
www.urdunovelbank.com

URDU NOVEL BANK

ہاں تو تم اپنے گھر کی ہوگئ ہو تمھیں کیا ضرورت حصے کی شوہر کا تو پورا حصہ ہی بٹورا ہے۔۔۔وہ بھی اسی کی ماں تھی۔۔

